ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(464)

26-08-2023

**بہاولپور(          )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ 48 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی۔ضلع بہاولپور کومنشیات سے پاک کرنے کا عزم۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کرمنشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا، جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیتے ہوئے 48 گھنٹے میں 61 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 5011 لیٹر دیسی شراب، 09 عدد چالو بھٹیاں، 34 کلو 200 گرام چرس، 130 گرام کرسٹل آئس اور 50 کلو بھنگ برآمد کرلی۔جبکہ گزشتہ 48 گھنٹوں میں 16 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے بات کرے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔افسران بالا کے احکامات کے مطابق اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی